Calgary

# Vehicle for Hire

## بُلیٹِن نمبر 003

فوری تبدیلیاں - ٹیکسی ڈرائیور لائسنس کا پولیس چیک 1 اکتوبر، 2024

---

وہیکل فار ہائر(Vehicle for Hire) آپ کو نئی ٹیکسی ڈرائیور لائسنس (Taxi Driver Licence) کی درخواستوں اور ٹیکسی ڈرائیور کے لائسنس کی تجدید کی درخواستوں کے لیے پولیس کی معلومات کی جانچ پڑتال (پولیس انفارمیشن چیک) کے عمل میں آنے والی ایک اہم تبدیلی کے بارے میں مطلع کرنا چاہتی ہے۔

فی الحال، ہمارا اندرونی نظام کیلگری پولیس سروس کے ساتھ مربوط ہے تاکہ پولیس کی جانچ میں آسانی ہو۔ تاہم، کیلگری پولیس سروس نے مشورہ دیا ہے کہ، **1 جنوری 2025 سے**، وہ مزید اس انضمام کی حمایت نہیں کریں گے۔ نتیجے کے طور پر، **تمام ٹیکسی ڈرائیور** درخواست دہندگان کو **اپنے رہائشی شہر کی پولیس سروس سے براہ راست** اپنا پولیس چیک حاصل کرنے کی، اور اپنی نئی یا تجدید کی درخواست کے حصے کے طور پر وہیکل فار ہائر(Vehicle for Hire) کے آفس میں نتائج جمع کرانے کی ضرورت ہوگی۔

اس منتقلی کی تیاری میں، ہمارے پاس 1 جنوری، 2025 تک ایک ہائ برِڈ (hybrid) نقطہ نظر ہوگا۔ اس دوران، ہم اپنے موجودہ نظام کے ذریعے پولیس چیک کی سہولت فراہم کرتے رہیں گے، لیکن درخواست دہندگان کے پاس یہ اختیار بھی ہے کہ وہ ہمارے فرنٹ کاؤنٹر پرایک درست پولیس چیک جمع کرائیں۔ 1 جنوری، 2025 سے، تمام ڈرائیور جو اپنے ٹیکسی ڈرائیور لائسنس کے لیے درخواست دینا یا اس کی تجدید کرنا چاہتے ہیں، وہ لازمی طور پر وہیکل فار ہائر(Vehicle for Hire) کے آفس میں اپنا پولیس چیک لا ئیں اور جمع کریں۔ جمع کرائے گئے پولیس چیک کی تاریخ درخواست کی تاریخ کے 60 دنوں کے اندر ہونی چاہیے۔

اس تبدیلی کا فائدہ – فی الحال ٹیکسی ڈرائیور لائسنس (Taxi Driver Licence) اور ٹرانسپورٹیشن نیٹ ورک ڈرائیورس لائسنس (Transportation Network Drivers Licence)دونوں کے لیے درخواست دینے والے افراد کولازمی طور پر دو الگ الگ پولیس چیکس حاصل کرنے ہوتے ہیں۔ نئے عمل کے ذریعے، دونوں درخواستوں کے لیے ایک پولیس چیک قبول کیا جائے گا، جس سے درخواست دہندگان کے وقت کی بچت ہوگی اور اخراجات میں کمی ہوگی۔

کیلگری پولیس چیک کے لیے درخواست دینے کے لیے، براہ کرم اس لنک کو فالو کریں:calgarypolicechecks

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو، براہ کرم vfhlicensing@calgary.ca پر ای میل کریں۔

مخلصانہ،

کوری پورٹر(Cory Porter)
ڈپٹی چیف، وہیکل فار ہائرنگ (Deputy Chief, Vehicle for Hire)
پبلک وہیکل اسٹینڈرڈز(Public Vehicle Standards)